بہت سے ہین لیکن خاص بارہ چیلے مفصلہ ذیل مشہور ہین - آسانند - کبیر جولاہے
رہی داس چمار - پیپا راجپوت - ایشور آنند - سکہانند - بہوآنند - ہر قوم کا آدمی
انکا چیلہ ہو سکتا ہے انکا یہ عقیدہ تہا کہ جب نارا ین نے مچھ سور کا اوتار لیا تو ان
کے چیلے چمار جولاہے وناٰئی ہونے مین کیا ہرج ہے رامانندی لال ریکہا کی
لکشمی یعنی رادہا کا چنہ اور ہردیہ مین نارا ین یعنے سری کرشن کا چنہ کہینچتے ہین ایک
لتہا ایسی بہگت مال مین لکہی ہوئی ہے کہ ایک منش درخت کے نیچے سوتا سوتا
مرگیا اوپر سے کاگ نے بیٹ کردی وہ للاٹ پر تلک آکار ہو گئی جنم کے دوت

اور وشنو کے دوت مین جہگڑا ہوا وہ کہتے تہے کہ ہم جم لوگ کو اسے لیجاوین ہنے
اور وشنو کے دوت کہتے تہے کہ ہم بیکنٹھ مین لیجاوینگے کیونکہ اسکے ماتھے
پر وشنو کی تلک ہے جم کے دوت چپ ہوکر چلے گئے اور وشنو کے دوت اسکو
بیکنٹھ مین لیگئے دیکہو جب بیٹ کے تلک کا یہ مہاتم ہے تو جو آپ لوگ لگاتے ہون
وہ تو بیکنٹھ سے بہی آگے جانے کے ادہکاری ہون گے پہر تو وشنو ون کو بجائے
تلک کے سارے مکہہ کو کالا پیلا کرنا چاہئے رامانند جی نے کوئی کتاب سنسکرت
مین نہین لکہی البتہ ان کے چیلون نے چند کتابین اپنے ملک کی زبان مین
بنائی ہین منجملہ ان کے چیلون کے پیپا راجپوت گاگرون کا راجا تھا سری کرشن جی
کے درشنون کے لئے سمندر مین کود پڑا - اور وہان ایک چہاپ ان کو سری
کرشن جی نے دی اور کہا کہ جسکے بدن پر اسکا نشان ہوگا وہ آواگون سے چہوٹ
کر مکتی کو پہونچ جاوے گا جواب دوارکا کے پجاریون کے پاس موجود ہے
سو ایشور آنند کو ایک ملیچہ نے گوشت کی روٹی دیدی تھی جو اون کے منہہ مین
جاکر تلسی کی پتی بن گئی تہی دہنا جاٹ نے ایک پتہر کو بشنو سمجہ کر اوسکی پوجا
کی تہی کہ جس کے سبب سے بلا تخم ریزی اوسکے کہیت مین گیہون کی کاشت
بہت عمدہ پیدا ہوگئی تہی ان بارہ چیلون کے علاوہ نابہاجی ڈوم ٹرے جو اس
مت کے بڑے بہگت ہوے ہین جنم کے اندہے تھے مگر اوگرداس اور کپیل
وشنون کے پانی چہڑک نے سے اوسکی آنکہین اچہی ہوگئی تہین اور بعد تعلیم
اور تدریس کے انہون نے اون سے گورو منتر لیکر کتاب بہگت مال کو بنایا
عمر ان کی دو سو پچاس کی تہی اور بعض کے نزدیک اس سے بہی زیادہ تھی
کیونکہ اکبر بادشاہ کے زمانہ مین یہ موجود تھے اور شاہجہان کے وقت مین گوسائین
تلسی داس سے بندرابن مین بہی ملے تھے سورداس جی نے بھی جنکی قبر موضع

تیر پور علاقہ بنارس مین موجود ہے اسی ست کے انوسار وشنو کی تعریف مین
سوالاکہہ اشعار یا اشلوک مین لکھی ہے دوسرے سورداس جی جو اکبر کے زمانہ
مین موجود تھے کل پرگنہ سندیلہ کا محاصل جسکے تؤامین تھے بندرابن کے مدن
موہن مندر مین روانہ کرلئے اور صندوق مین ایک پتھر بند کرنے کی وجہ سے
دیوان ٹوڈرمل کی نگرانی مین قید رہے مگر کچہ عرصہ بعد اکبر بادشاہ نے اون کو چھوڑ
دیا اور وہ بندرابن کو چلے آئے اس مت مین تلسی داس جی قوم کے سرورے
برہمن بڑے بہگت مشہور ہوئے ہین جنکی جائے پیدائش حاجی پور علاقہ چترکوٹ
مین ہے روایت ہے کہ یہ اپنی زوجہ کے طعن سے گیانی ہوکر اول بنارس اور
وہان سے چترکوٹ کو چلے آئے اور وہان ہنومان جی سے ملاقات حاصل کی
جب شاہجہان بادشاہ نے ان کے دئے ہوئے عجائبات جو انہون نے بطفیل
ہنومان جی کے رامچندر سے حاصل کئے تھے ان مین نہ دیکھے تو ان کو قید کرلیا
مگر بعدہ بدین وجہ کہ لاکہون بندر بادشاہ کے جیلخانہ کو توڑنے لگے بادشاہ نے
عذرخواہ ہوکر رہائی دی اور حسب ہدایت ان کی دہلی کو چھوڑکر کہ وہ رامچندر جی
کا استہان تہا شاہجہان آباد کو آباد کیا۔ بعد ازان انہون نے بندرابن آکر نابہا
جی سے ملاقات حاصل کی اور پہر یہ راجہ صاحب بنارس کے دیوان ہوگئے اکتیس
برس کی عمر مین قریب سمبت ۱۶۳۱ سولہ سو اکتیس کے انہون نے راماین تصنیف کی تہی
بنارس مین سیتارام کا مندر اور مٹہہ ان کا بنایا ہوا اب تک موجود ہے اسی جگہہ
انہون نے بعمر اسی برس سمبت ۱۶۸۰ سولہ سو اسی وفات پائی جیدیو جی نامی سکہہ
کنڈ بلو اسی ست کے ایک اور بہگت ہوے ہین جن کے پاس ایک برہمن اپنی
لڑکی پدماوتی کو جسکو وہ جگنا تہہ پوری کی نذر چڑہانے کو لئے جاتا تہا اور جگنا تہہ
جی نے یہ ہدایت کی تہی کہ تو اس لڑکی کو جیدیو جی کو دیدے لیکر آیا مگر انہون

نے قبول نہ کی لیکن جب وہ خواہش نفسانی سے ان کے عشق مین مرنے پر آمادہ ہوگئی تو اُنہون نے قبول کر لی ایک مرتبہ یہ گہر بیٹہے ہوئے گوبند گیت بنا رہے تہے جب اِن سے پورا نہوا تو ان کی عدم موجودگی مین اِن کی جورو کے سامنے خود کرشن جی آکر اوسکو بنا گئے چورون نے ایکمرتبہ اِن کے ہاتہہ کاٹ ڈالے تہے مگر راجا نے اونکو مرہم پٹی لگا کر اچہا کر دیا تہا گانون انکا اگرچہ گنگا جی سے اٹہارہ کوس کے فاصلہ پر تہا مگر بخیال تکلیف اِن کے گنگا جی خود گانون مین بہنے اوس کے نیچے آکر بہنے لگی تاکہ میرے بہگت کو تکلیف آنے جانے کی نہ ہو -

ضمن نہم راوہا بلبہی مت کا برنن

اِس مت کے بانی ہر بنس جی جنکا ایک بہت بڑا مندر او مٹہہ سمبت [۱۶۴۱] سولہ سو اکتالیس کا بنا ہوا بندرابن مین اب تک موجود رہے ہوئے ہین اِس مت کے لوگ کرشن دیو کو راوہا بلبہ کی پیاری نام سے پوجتے ہین بہاگوت پُران مین لکہا ہے کہ پرماتما نے اپنے دہنے جسم سے کرشن اور بائین سے رادہا کو بنایا ہے اور ان دونون کی محبت سے دنیا اور جیو آتما کو پیدا کیا ہے رادہا سودامانامی ایک دوسری گوپ رادہا کی بد دعا سے راچہس بنگئی اوسکا نام سنکہہ چوڑ ہوا سودامانے بہی رادہا کو بد دعا دی بندرابن مین ویش برن مین برکہہ بہانو کی جورو کیلاوتی کے پیٹ سے پیدا ہوئی رادہا کی عمر شادی کے وقت [۱۲] برس کی اور کرشن جی چودہ [۱۴] برس کی تہی مگر سودہاما کی بد دعا سے رادہا گولوک کو چلی گئی اور کرشن بہی اون سے وہان جا ملے کتابین ان کی اکثر برج بہاشا زبان مین ہین البتہ ایک کتاب رادہا سودہاما ندہی سنسکرت مین ہے تلک انکا مثل بلبہ چاریون کے ناک کے اوپر بیچ مین ایک سیاہ بندی لگائے ہوئے ہوتا ہے +

ضمن دھرم بنگالہ کے ویشنون کا برنن

بنگالہ کے ویشنو خاص کرشن دیو کی پوجا کرتے ہین - اودیانند اور نیتانند جو ویراگی
وار بھی تھے سمبت ۱۵۰۰ مین اونہون نے اِس مت مین چند باتین نئی پیدا کین اور
چیتن نامی ایک سنیاسی کی امداد سے اِنکا مت ترقی پر ہوا - جسکا ذکر کتاب
چیتن چرتر مولفہ برنداین داس مین موجود ہے جو بنگلہ زبان مین ہے روایت ہے
کہ چیتن سنیاسی برہمن کل مین سمبت ۱۵۴۲ مین عرصہ تیرہ ماہ کے بعد اپنی مان کے
پیٹ سے پیدا ہوے تھے اور بوقت پیدایش چاند کو جو گرہن لگ رہا تھا وہ موقوف ہوگیا
تھا اِس لئے لوگ اودیانند کو کرشن کا اوتار نیتانند کو بلرام کا اوتار خیال کرتے ہین چیتن
سنیاسی نے اگرچہ اپنا بیاہ بلبا چاری کی لڑکی سے کیا تھا لیکن جو بیس برس کی
عمر مین انہون نے گرہست چھوڑ کر بیراگ لیلیا تھا چھ سال تک متھرا اور جگن ناتھ
پوری مین انہون نے اوپدیش کیا اور اپنی مت کو ترقی دی بعدہٗ یہ بنگالہ چھوڑ
نیلاچل مین جاکر بارہ برس تک جگن ناتھ جی کی پوجا مین مصروف رہے بہت
دھیان اور شاشتر ارتھ کرنیکی وجہ سے جسم اِنکا بہت لاغر ہوگیا تھا اور اکثر کہا
کرتے تھے کہ کرشن مع گوپیون کے میرے سامنے کھڑے ہین ایکمرتبہ یہ غشی کیحالت
مین جمنا مین کود پڑے مگر ڈوبے نہین بیالیس برس کی عمر مین کہین غائب ہوجانے
کیوجہ سے اِن کے چیلون کو یہ گمان ہوا کہ وہ بیکنٹھ مین چلے گئے اودیانند کی اولاد
شانتی پور مین گوشائین کہلاتی ہے اور نیتانند قوم سے راڈھے برہمن تھے جنکی اولاد
موضع کھردا متصل اچانک علاقہ کلکتہ مین موجود ہے بنگالہ کے ویشنو چیتن -
اودیانند - اور نیتانند کے علاوہ اور چھ گوشائین کو بھی اپنا گورو مانتے ہین جن کے
نام یہ ہین - روپ - سناتن - جیو - رگھوناتھ بھٹ - رگھوناتھ داس -

گوپال بہٹ - بندرابن اور متہرا مین انہون نے کئی ایک مندر بنائے ہین اور راداہا
مادہو - ہری سروپ - راما نند - جو اسی مت کے اوپاشک ہوئے ہین بنگالہ مین
اکثر وہ ایشور کی جگہہ مانے جاتے ہین چوسٹہہ مہنت اس مت کے بڑے شاعر ہوئے
ہین اس مت مین قومیت کا کچہہ فرق نہین ہے کیونکہ مسلمانون کو بہی انہون نے چیلے
بنائے تہے مگر بعدہ یہ رسم مسدود ہوگئی انکا عقیدہ ہے کہ ایشور ذات اور قوم کو نہین دیکہتا
ہے ذات کا تفرقہ اِن کے سادہو برن مین اب تک نہین ہے حلیم الطبع رہنا خدمت
کرنا - دیوتا سے الفت - عوام سے محبت - کرشن کی پوجا - اِن پانچ باتون کو بہگتی
خیال کرتے ہین - صبح و شام دو وقت اِن کی پوجا کے ہین گورو کو یہ لوگ ایشور سے
بہی زیادہ مانتے ہین اوپاشنا بغرض حصول مکتی کرتے ہین کتابین انکی اکثر سنسکرت
اور بنگلہ زبان مین ہین جو روپ اور سناتن نے بنائی ہین - دوگنڈہ - مادہو نا ٹک
للتا - مادہو - اجول نیل منی - دان کیل - کومدی - اشٹ - دس نیلا کہند - پدماوتی
گوبند وردہاولی - متہرا مہاتم - ناٹک لکشمن لگہو بہاگوت - ہری بہگت بلاس
رسامرت - سندہو - یہ انکی مشہور کتابین ہین علاوہ اِن کے بہاگوتامرت سدہانت
سار وغیرہ اور بہی بہت سی کتابین جو رگناتہہ داس کی بنائی ہوئی اون کی مت
مین موجود ہین تلک انکا دو کہڑی لکیرین ماتہے پر کہنچکر بہون کے ناک کی جڑ سے ملا کر
ہوتا ہے گلے مین کنٹہی یعنے تلسی کی مالا رکہتے ہین اور رادہا اور کرشن کے نام کی بر نجی
چہاپ اپنی چہاتی پر اور باہون پر لگاتے ہین اس مت کے گورو اور گوشائین
سب عیال دار ہوتے ہین مگر بیراگی ہوکر اکثر گہرست بہی چہوڑ دیتے ہین اور رادہا کرشن
پر اکثر ان کے نام ہوتے ہین جیسے رادہا رمنی رادہا بالی وغیرہ بود باش اِن کی اکثر
متہرا اور بندرابن کے آس پاس ہے بنگالہ مین اس مت کے تین فرقہ ہین سمپتی
دا ایک کرتا بہج سادہو رج - سمبتی دا ایک فرقہ کے لوگ سر منڈوائے رکہتے ہین

اور تلک کچھ چھوٹا لگاتے ہین اور آزاد مرد عورت ایک گہر مین رہنے کو برا نہین سمجھتے بلبیا پاریون کی طرح اِن کو بہی چیلے بنانیکا منصب حاصل ہے کرتا بھج ست کو رام سرن پال نے سمبت ۱۸۳۹ مین جاری کیا تھا جو قوم کا گوالا اور موضع گہوش پارہ علاقہ بنگال کا رہنے والا تھا یہ لوگ کرشن جی کی اوپاسنا کرلیتے ہین اور گورو کو ایشور سمان مانتے ہین سرن پال نے اپنا نام مشہور کرنے اور ایک جدید گدی بنانے کی وجہ سے شاید اِس مت مین یہ تفریق وتقسیم پیدا کی ہو چنانچہ اِس کے بعد اسکا بیٹا دلال پال گدی پر جانشین ہوا۔ اِن کی چیلیان عورتین بہت ہوتی ہین قومی تفرقہ وہ کچھ نہین گنتے اور وجہ یہ ہے کہ بزانست اون کے انکا منتر مریض کا مرض دور کردیتا ہے اور بے اولاد کو صاحب اولاد سادھو ج اپنے سب کام پوشیدہ رکھتے ہین اگرچہ مفصل حال انکا معلوم نہین لیکن تین مندر اِن کے ایک ندیا مین جو چیتن کا ہے دوسرا اسکا مین جو نیتانند کا ہے تیسرا اگر دوپ مین جو گوپی ناتہہ کا ہے موجود ہین یہان ایک میلہ ہر سال ماہ چیت ایسا ہوتا ہے جسمین قریب ایک لاکہہ آدمی کے جمع ہو جاتے ہین —

ضمن یازدھم کبیرپنتھی فرقہ کا حال

کبیر جی کا مت معروف ومشہور ہے مورتی پوجا کو انہون نے کہنڈن کیا مسلمان اور برہمنون کے خود غرضانہ مثایل کو بخوبی رد کیا کبیر جی کا وعظ عوام کے دلون پر ایسا موثر ہوا کہ جسکا بیان نہین ہوسکتا کہ گورو نانک جی نے جو اِن سے بہت پیچھے ہوے ہین اپنے مذہب کی بنیاد انہین کے اصولون پر ڈالی اِن کے معتقد انکی پیدائش ایک رانڈ برہمنی کے پیٹ سے بلا اتصال کسی مرد کے صرف رامانند جی کی دعا سے تبلاتے ہین اور اِن کے معتقدون کا عقیدہ تھا کہ یہ ایشور کے اوتار تھے اور

سر نامی تالاب سے جو بنارس کے متصل واقع ہے ایک جولاہے نے ان کو اوٹھا کر پرورش کیا تھا بڑے ہونے پر رامانند جی کے چیلے ہو گئے تھے اور بادشاہ نے ان کے کافر ہو جانیکی خبر سنکر ان کو اپنے دربار مین طلب کیا اور بجرم نکرنے سلام کے گردن زدنی کا حکم دیا مگر یہ نہ دریا مین ڈوبے نہ آگ مین جلے بادشاہ حیران ہو کر معافی قصور کا خواہان ہوا اور بہت سا روپیہ اور جاگیرین دینے لگا مگر انہون نے کچھ نہ لیا پہلا نام کبیر جی کا گیانی بھی بتلاتے ہین بعض کے نزدیک تین سو برس یہ دنیا مین رہے ہین انتقال انکا موضع مگہر مین ہوا جو متصل گورکھپور کے واقع ہے بعد انتقال جب باہم ہندو اور مسلمانون کے جلانے اور دبانے پر انکی لاش پر جھگڑا برپا ہوا تو یہ خود بنظر رفع تکرار سب کے سامنے زندہ موجود ہوے پھر غائب ہو گئے اور بجائے لاش کے سب کو پہول پڑے نظر آئے آخر اون کے دو حصے ہو کر نصف کو بیر سنگہ بنارس مین لیگئے اور اوسکی سمادہی بنوادی کہ جو کبیر چوری کے نام سے اب تک مشہور ہے اور نصف ثانی علیخان پٹہان نے لیجا کر موضع مگہر مین اوسکی قبر بنوادی اور اوسکے لئے جاگیر مقرر کر دی کہ جسکی آمدنی کبیر چوری والے بہی لیتے ہین کبیر پنتھیون مین سوائے بھجن وغیرہ کے اور کوئی طریقہ اوپاسنا کا مقرر نہین ہے یہ لوگ اپنے تئین ویشنو بتلاتے ہین مگر مورتی پوجا اور ہنود کے دیوتاؤن کو بالکل نہین مانتے سلام کا طریقہ ان کے یہان ایک کی طرف سے بندگی اور دوسری جانب سے بجواب اوس کے گورو کی دیا کا ہے اس مت کے مہنت سر پر ٹوپی رکہتے ہین اور بعض گوپی چندن کا تلک بہی لگاتے ہین اور کنٹھی و مالا رکہنے کو یہ لوگ کچھ عیب نہین سمجھتے اس مت کی کتابین اکثر دوہے و چوپائی وغیرہ مین بزبان بھاشا ہین سنکہہ ندہان ۔ گورکہہ ناتہہ کی گوشٹی ۔ کبیر بانجی ۔ رامانند کی گوشٹی انند رام ساگر ۔ شبداولی ۔ منگل ۔ بسنت ۔ ہولی ۔ ریختی ۔ جھولنے ۔ کہارے

ہنڈول - بارہ ماسے - چاچر - چونتیسے - بنی ساکھی کبت الف نامہ - اسی
ساکھی کبیت بیجک یہ انکی مشہور و معروف کتابین ہین جنکو بڑے بڑے بھگت
پڑھتے ہین ان کے علاوہ اور بھی بہت سی مشکل کتابین ہین جن مین سے کچھ تو
خاصکر کبیر جی کی بنائی ہوئی ہین اور کچھ ان کے چیلاون کی کتاب بیجک مین
کبیر جی کی مت کا حال پورا پورا درج ہے سرشٹی کی اتپتی مین یہ لوگ ایشور
اور اوسکی مایا کا تعلق خیال کرتے ہین مگر اکثر ہنوز مختلف پیچ در پیچ بھی مایا اور برہم
سے اظہار سرشٹی کا مانتے ہین یہ لوگ صرف ایشور کو مانتے ہین اور آواگون کو سچا
جانتے ہین ان کے نزدیک دنیا کو دل سے ترک کر دینا اچھا ہے گورو کی ان لوگون مین
بہت قدر ہے بعض لوگ کبیر جیو کی پیدائش پھولون سے بتلاتے ہین اور راستے مین
پھول ہونا بتلاتے ہین اور کوئی جولاہا انکا پال لنے والا ہوا یا تو راما نند جیو نے اوسکو
بڑی عورت کے پیدا ہونے کے سبب سے جولاہے کو دیدیا تھا اوس نے اونکو پھولون
کے بیچ مین سے اوٹھا کر پالا - محبت ہے یہ کبیر جیو جولاہے کے یہان پرورش پاکر
بھجن گہرے اور ایشور کی اوپاسنا کرتا رہا پرنتو تمریا وان نہین ہوا - اس مت کی
بارہ شاخ ہین شرت گوپال داس مولف کتاب سکھ ندہان جن کے چیلے بنارس
کی کبیر چورہ اور مگنیر کی سمادہی اور جگن ناتھ پوری اور دوارکا کی گدی پر ہین
بھگوان داس مصنف بیجک جن کے چیلے دہنوتی کی گدی پر ہین - نراین داس -
چوڑامن داس - جنکی گدی پر اون کے غلام کا لڑکا ہے - جگو داس جی جنکی گدی کٹک
مین ہے جیون داس جنہون نے ست نامی ایک مت چلایا - کمال جنکی
گدی بمبئی مین ہے اور جسکو کبیر جی کا لڑکا بتلاتے ہین - ٹاکسالی جس کی گدی
گیان جنکی گدی مہنی مین یعنے سہسرام علاقہ بنارس کے نزدیک ہے جہان
کلوار ذات کے سکہونکی بود باش ہے صاحب داس جنکی گدی کٹک مین ہے

نیتا نند - کمال ناد - اِن دونون کی گدیان دکہن مین ہین کبیر چوڑا علاقہ بنارس
مین انکا سب سے بڑا مقام ہے جہان ایک بہت بڑا میلہ ہوتا ہے جسمین قریب
پینتس ہزار کبیر پنتہی کے جمع ہوجاتے ہین اور سبکو کہانا ملتا ہے - مہاراج بلونت
سنگ وجیت سنگہ اِن کے بڑے مددگار تھے اِس مت کے فصیر بہیک نہین مانگتے
اور یہ لوگ صرف ہندوستان اور اوس کے وسط مین رہتے ہین بنگالہ مین نہین مین

ضمن دوازدہم خاکی وشنوؤنکا بیان

اِس مت کا بانی کپل چیلہ کرشن داس کا تہا اس مت کے لوگ ہر جگہہ پر نہین
صرف کہین کہین فرخ آباد کے گردنواح مین رہتے ہین مگر اون کی خاص جگہہ
اجودہیا جی مین ہنومان گڈہی ہے یہ لوگ اکثر بیراگیون مین ملے رہتے ہین
سمادہی اِن کے گورو کی جیپور مین ہے کوئی کتاب اس مت مین موجود نہین
ہے اِس مت کے لوگ اکثر بدن پر خاک ملے رہتے ہین اور کپڑے بھی مٹی اور
خاک مین رنگے رکہتے ہین اِس مت کے لوگ جو سیاجی کرتے ہین اکثر وہ ننگے
رہتے ہین اور جٹا بڑہائے رکہتے ہین خاکی لکڑیکی لنگوٹی لگا جٹا بڑہا دہونی تپا
ننگے کے سمان دہیان اوشتہت ہوتے ہین - گانجہا بہانگ چرس کے دم لگا
لال نیتر کر رکہتے ہین اور مانگ کہاتے ہین اور اودیا دان ادہ مودہ ہوتے ہین اور
یہ لوگ بنا نشہ پہر مار لڑنا کہانا سونا جہانجہ پٹیا گہنٹا گہڑیال سنکہہ بجانا دہونی جلانا نہانا
دہونا سب دشاون مین گہومنے کے سوائے کچھ نہین اچہا کام کرتے اور بڑے
سورکہہ اور نیچ آدمی ہوتے ہین کیول خاک رما کر بیراگی خاکی ہوجاتے ہین اور جو
ایک کسیجگہہ مٹہ مین رہتے ہین وے کپڑے بہی پہنتے ہین یہ لوگ رامچندر اور ہنومان
کی پوجا اور اوپاشنا کو لازمی جانتے ہین اِن کا بیان ہے کہ راما نند جی کے چیلے

آسہانند اور اون کے کرشنانند اور کرشنانند کے کپل اور کپل کے ملوک داس بھی ہوے ہین +

ضمن سیزدہم ملوک داسی مت کے بیان مین

ملوک داسی گورو اکثر گرہستی اور رامانندی کے ہوتے ہین لیکن ان کے مت مین چندان فرق نہین ہے چنانچہ تلک بہی ان کے رامانندیون سے کچہ چھوٹے ہوتے ہین یہہ لوگ بہگوت گیتا کا پاٹ اور رام چندر کے استوتر پڑہا کرتے ہین اس مت کے لوگ بہت جگہون مین ہین -

اور بشنو پدان کی بہاشا مین بہت ہین ملوک داسی اکثر کتاب دسرتن مصنفہ ملوک داس کو پڑہتے ہین اور سبطرح کا بنج بیوہار کرتے ہین ملوک داس قوم سے دیش یعنے بنئے تھے اونکی یہ کہاوت مشہور ہے - دوہا -

اجگر کرے نہ چاکری پنچھی کرے نہ کام + داس ملوکا یون کہے سب کے داتا رام

مقام خاص ان لوگون کے اکثر کٹرہ مانک پور جگن ناتھ پوری مین ہین ملوک داس موضع کہڑا مین پیدا ہوئے تھے انتقال انکا بعض موضع کڑا مین اور بعض جگناتھ پوری مین بتلاتے ہین جہہ انکا جگناتھ پوری مین ہے جاتری جو یہان آیا ہوگا اوس نے ملوک داس کا ٹکڑہ اور کبیر کی کہچڑی ضرور کہائی ہوگی گدی ملوک داس کی کڑا مانک پور مین ہے دسوین پشت تک اونکی اولاد قایم رہی ہے ملوک داس کے بعد رام سنیہی اون کے بعد کرسن سنیہی پہر ٹہاکر داس پہر گوپال داس پہر کنجبہاری پہر رام ساہو پہر شیو پرشاد داس پہر گنگا پرشاد داس اب معلوم نہین کون ہے اولاد اوس پر قایم ہوئی ہے پراگ - راج - کاسنی - بندرابن اجودہیا جی وغیرہ مقامات مین ان کے بہت سے مندر اور مٹھ موجود ہین

رامانک پور مین ایک مسافر خانہ اور ایک مندر رامچندر جی کا اور وہ گدی
تکیہ جسپر خاص ملوک داس بیٹھے تھے اب تک موجود ہے اِن مین ناتھون کا منتر

नमः शिवाय: नारायण नमः

خاکیون کا منتر- श्रीरामचन्द्राय नमः अथवा सीतारामाभ्यानमः

رامانندیون کا منتر- श्रीराधे कृष्णाभ्यां नमः अथवा

کرشن اوپاسکون کا منتر- नमो भगवते वासुदेवाय

بنگالیون کا منتر- गोविन्दाय नमः

خاکی رات دن لکڑی اور کنڈہ جلایا کرتے ہین ایک مہینے مین ایک روپیہ کی لکڑی
پھونک دیتے ہین اگر ایک روپیہ ماہواری کے کپڑے پہنے تو آنند مین رہین اپنا
نام تپسوی رکھا ہوا ہے اِن کی ساکھا- اوکھنڈ- سوکھنڈ- گوڈریہ- جماعت
واسوترہ شاہی اور اکالی کان پھٹے جوگی- اوگھڑ سب ایک سے ہین یہ اس آریہ
ورت دیس کا اِن اوپکار کرکے بڑی ہانی کر رہے ہین-

ضمن چہاردہم دادو پنتھی مت کے بیان مین

یہ شاخ بھی رامانند ہی کے مت کی ہے رامانند کے چیلے کبیر کبیر کے کمال کمال کے
بمال بمال کے بوڈھن اور بوڈھن کے دادو اس حساب سے چھٹی پشت مین رامانند
کے دادو جی ہوئے دادو جی جو اِس مت کے بانی ہوئے ہین بوڈھن کے چیلے
تھے اِس مت کے لوگ رامانندی ویشنوون مین شمار کئے جاتے ہین اور ذات
کے دھنئے تھے جائے پیدائش انکی احمد آباد گجرات ہے بارہ برس کی عمر مین یہہ
مقام سانبھر علاقہ اجمیر مین آئے اور تیلی کا کام کیا کرتے تھے سینتس برس کی عمر مین
الہام کے موافق یہ نرین پر پہاڑ پر جا بیٹھے جو اسی علاقہ مین ہے اب سب لوگ

ویدست کو چھوڑ کر دادو کے مت مین مکتی مان لی ہے جب ست اوپدیشک نہین
ہوتا تو ایسے ایسے بکھیڑے چلا کرتے ہین ایک رام سنہی مت شاہ پور سے
چلایا جو اسیکی شاخ ہے اونہون نے سب وید وکت دہرم کو چھوڑ کر رام رام
پکارنا اچھا سمجھا ہے سورتی بن رہے ہین اور استریون کے ساتھہ زیادہ رہتے
ہین - چند روز بعد غائب ہوجاے پر ان کے چیلون کو یہہ گمان ہوا کہ وہ ایشور
مین محو ہوگئے دادو جی سمبت ۱۶۰۰ کے قریب اکبر کے زمانہ مین ہوے ہین -
یہ لوگ ویدانت مت پر چلتے ہین مگر مورتی پوجا نہین کرتے اور نہ کنٹھی باندہتے
ہین ٹوپی ایسی پہنتے ہین جس سے معلوم ہوجاوے کہ یہ دادو پنتھی ہین راجپوتانہ
کی طرف یہ لوگ بہت رہتے ہین اگرچہ شاخین انکی بہت ہین مگر تین مشہور ہین
ورکت تیغی ازاد - ناگے جو ہتھیار باندہتے ہین اور راجونکی نوکری کرتے ہین جیسے
جیپور مین ایک فوج انہین لوگون کی ہے بسترد ہاری جو ہر قسم کا دنیاوی کارو
بار کرتے ہین بعض لوگ اس مت کے بعد مرگ حسب ہدایت متوفی اوسکو
جنگل مین بہی ڈال آتے ہین موضع نرین علاقہ جے پور مین جہان دادو جی کی گدی
ہے ایک میلہ ہر سال پہاگن سُدی کو ہوتا ہے جو پندرہ دن تک برابر رہتا ہے
ان کو کبیر پنتہیون سے بہت محبت ہے چنانچہ یہ لوگ کبیر جی کی جاترا کو بھی جاتے
ان کی کتابون مین بسواس عقیدہ بچار غور وغیرہ کی بہت کچھ تشریح لکھی ہے -

ضمن پانزدہم ریدا اسی مت کے بیان مین

ریداس چمار چیلے رامانند نے یہ مت کھڑا کر کے اپنی ذات کے لوگون کو وعظ
کرنا شروع کیا رہی داس نے اپنے گورو رامانند کو کسی ایسے بنئے سے جسکا لین
دین چمارون کے ساتھہ تھا بھوجن لا دیا تھا اسوجہ سے چمار کے گھر جنم لیا تھا حالت

طفلی مین وہ دودہ نہ پینے کی وجہہ سے رامانند نے اِن کو پہچان لیا کہ وہی برہم
چاری ہے جو میرے واسطے اوس بنیئے سے بہوجن لایا تہا آخر کان مین منتر
پہونکنے کی وجہ سے یہ دودہ پینے لگے رہی داس کو جو اپنے کاروبار مین منافع
ہوتا تہا وہ سب سادہون کو کہلا دیا کرتے تہے قحط مین بہگوان نے بشنو کا روپ
دہرکر اِن کو الگ پارس پتہر دیا مگر انہون نے اوسکو بیکار سمجہکر ایک کونہ مین
ڈالدیا ایک سال بعد بشنو جی پہر اوس کے بہت سی اشرفیان ڈال گئے
اور خواب مین کہا کہ تو انکو اپنے کام مین لا تب رہی داس نے اون سے ایک
مندر بنوایا بشنو مہاراج نے اپنے بہگت کو مشہور کرنیکی وجہہ سے اوسکی شکایت
برہمنون کی معرفت راجہ سے کرادی چنانچہ راجا نے رہی داس کو بلاکر
کہا کہ تو چمار ہوکر سالگرام کی پوجا کیون کرتا ہے اسکو تو دیدے رہی داس نے
حکم تسلیم کیا مگر رہی داس کی پرارتہنا سے سالگرام پہر اوسکی گود مین کودکر آبیٹہے
راجا نے یہ دیکہکر برہمنون کو حکم دیا کہ تم سب یہان سے نکلجاؤ ایکروز برہمن سماة
جہالی رانی چتورگڈہ کے یہان کہانا کہاتے تہے وہان بہی ناحی برہمنون نے رہی
داس موجود پایا جسپر وے سب شرمندہ ہوکر آخرکار اوس کے چیلے بن گئے

ضمن شانزدہم سینا پنتہی مت کے بیان مین

سینا رامانند جی کا چیلہ اور قوم کا حجام تہا اِس مت کے آدمی اگرچہ فی الحال
کہین نظر نہین آتے لیکن پیشتر سینا اور اوسکی اولاد عرصہ تک مادہوگڈہ کے
راجون کے گورو رہے ہین روایت ہے کہ سینا ایکروز سادہون کی باتون مین
مشغول تہے وشنو بہگوان بخوف ناراضگی راجہ اوپر طرفی سینا نائی کے بجائے
اوس کے خود اوسکی شکل مین روپ دہرکر بستہ بغل مین لے راجا کی حجامت

بنانے کو چلے گئے حجامت نہونے پائی تہی کہ اصل سینا بھی دیر کی وجہ سے
ہراسان وپریشان وہان آپہونچا پہلے راجا متحیر ہوگیا مگر بعد مین عقل سے
دریافت کر سینا حجام کے قدمون پر گر پڑا اور اوسکو اپنا گورو دیو بنا لیا اور دیو
کے مقابل پر نظر کر ذات کے تفرقہ کو کچھ چیز نہ سمجھا۔

ضمن ہفتدہم میرابائی کے بیان مین

یہ مت بلبہاچاری وشنو کی ایک شاخ ہے گورو نانک اور کبیر پنتہون کی کتابون
مین اس کے کلام اکثر لکھے ہین میرابائی میرتے نگر کے راجا کی لڑکی تہی اودیپے
پور کے مہارانا سے اسکی شادی ہوئی تہی اور ساس اسکی دیوی کی پوجا کیا کرتی
تہی ایک مرتبہ ساس کے حکم کے بموجب دیوی کی پوجا نکرنے کی وجہ سے
علیحدہ محل مین رہی گئی اور ہر روز رنچہوڑ کی پوجا اور دہیان کرتی تہی اکبر بادشاہ
بہی ایک مرتبہ اسکی بہگتی کی تعریف سن اس کے درشنون کو آئے تھے میرابائی
جاترا کی غرض سے اول بندرابن اور پہر وہان سے دوارکا کو گئی مہارانا صاحب نے
بہت سے برہمن اوسکے بلالینے کو دوارکا مین بہیجے مگر میرابائی وہان مورتی سے
پرارتہنا کر رہی تہی کہ یکایک وہ پہٹ گئی اور میرابائی اوسمین سما گئی رانا صاحب
نے یہ حال سنکر اوسکی مورتی اودے پور مین بنوا دی جو اب تک موجود ہے
اور جسکی پوجا کرشن جی یعنے رنچہوڑ کی مورتی کے ساتہ ہوتی ہے۔

ضمن ہیجدہم سکہی بہاؤ کے بیان مین

اس مت کے جاری کرنے والے کا نام معلوم نہین مگر دراصل یہ مت رادہا
بلبہی وشنو کی ایک شاخ ہے اس مت کے لوگ کرشن کے اوپاشک ہین

مگر راد ہا سے زیادہ محبت رکہتے ہین عورتون کیطرح یہ لوگ زیور پہنتے ہین عیال دار نہین ہوتے آزاد ہوتے ہین اگرچہ یہ لوگ سب جگہہ نہین مگر جیپور بنارس بنگالہ وغیرہ مین کہین کہین دیکھلائی دیتے ہین -

ضمن نوزدہم چرنداسی مت کے بیانمین

اس مت کے جاری کرنے والے چرنداس قوم کے دہوسر بنئے تھے دہلی مین عالمگیر ثانی کے زمانہ مین ہوے ہین اور گوکل پوریہ گوشا ئین کے زیر کرنے کے لئے یہ مت کہڑا کیا تھا - چرنداسی انکو بیاس جی کے لڑکے اور سکہدیو جی کے چیلے بتلاتے ہین اس مت مین عیال دار و آزاد دونون طرح کے لوگ ہوتے ہین ان کے سب کار بار ویشنو کی مانند ہین گورو بنانے مین یہ لوگ کچھ امتیاز مرد عورت کی نہین رکہتے پیشانی پر یہ لوگ گوپی چندن کا تلک بشکل ایک کہڑی لکیر کے کرتے ہین اور زرد کپڑے پہنتے ہین سرشٹی کی اوتپتی مین انکا عقیدہ مثل بیدانتیون کے ہے مگر کرشن جی کو یہ لوگ خاص پرمیشور مانتے ہین گورو کی ان کے یہان بڑی قدر ہے پیشتر اگرچہ یہہ سوائے کرشن کی مورتی کے دوسری مورتی کو نہین پوجتے تھے مگر رامانندیون کے میل جول سے سالگرام کی پوجا بہی کرنے لگے سزائے نیک و بد یہ لوگ بموجب اعمال کے مانتے ہین ان کے یہان جہوٹ بولنا گالی دینا غیر عورت سے صحبت وغیرہ ناقص افعال نہایت ممنوع سمجھے جاتے ہین چرنداس کی چیلی سب سے پہلے اونکی بہن سہجی بائی ہوئی تہی جو اوس کے بعد اونکی گدی پر بیٹھی تہی سند یہہ سالگرد ہرم جہاز مولفہ چرنداس دہیج پرکاس و سولہہ نرنے مولفہ سہجی بائی ان چار کتابون کے سوائے اور بہت سی کتابین بہی ان کی مت مین ہین سری مدبہاگوت گیتا کا پاٹھ

اسمین مت کے لوگ کرتے ہین چرنداس کی سمادھی اور شہر دہلی مین موجود ہے —

اس مت کے لوگ خاصکر گنگا جمنا کے دوآبہ کے ملکون مین رہتے ہین —

ضمن بست وہفتم ہرشچندی مت کے بیان مین

راجا ہرشچندر جی کی کتہا پورانون مین درج ہے کہ رگہوبنس مین اجودہیا کے راجے بڑے دہرم آتما ہوئے ہین جنہون نے اپنی راست کلامی پر اپنے تئین ایک ڈوم کے ہاتہہ فروخت کرکے مردون کے محصول لینے کا کام اختیار کیا تہا اس مت کے ماننے والے اکثر ڈوم لوگ ہوتے ہین جو اپنے تئین اکثر ہرشچندی کہتے ہین ڈومون نے یہ مت راجہ ہرشچند کے نام سے کہڑا کیا تہا —

ضمن بست ودہم سدہنا پنتھی مت کے بیان مین

سدہنا جن سے اس مت کا آغاز ہے ذات کے قصائی تھے مگر جانور نہین مارتے تہے گوشت خرید کرکے فروخت کیا کرتے تھے سالگرام کا بٹہہ جس سے یہ گوشت تولا کرتے تھے ایک روز کوئی ساد ہو چرا لے گیا مگر بعدہٗ وہ سادہو حسب ہدایت سالگرام کے جیساکہ اوس نے خواب مین کہا تہا اوسکو اوسی جگہہ رکہہ آیا جہان سے وہ لایا تھا ویشنو کی مہربانی سے سدہنا اپنا کام چھوڑ تیرتہہ جاترا کو چلے گئے راستے مین ایک برہمنی ان پر عاشق ہو طالب وصال ہوئی مگر انہون نے نہ مانا برہمنی نے اپنے خاوند کا گلا کاٹ ان کے ذمہ اتہام لگایا حاکم نے دعوی سچا سمجہہ ان کے دونون ہاتہہ کاٹ ڈالے مگر ہاتہہ پہر نکل آئے سدہنا کی جائے ولادت کا کچہہ پتہ نہین — ہرشچند اور سدہنا نے کوئی بات

ویشنومت مین اپنی طرف سے نہین ملائے۔

ضمن بست و دوم مادہولی مت کے بیان مین

اس مت کے بانی مبانی کے بارہ مین لوگون کا مختلف بیان ہے کوئی مادہو
نامی سادہو کو کوئی مادہوجی کو کوئی مادہوداس قنوجیہ برہمن کو بتلاتا ہے
مادہوداس بڑے پنڈت تھے کچھ دنون تک یہ ملک اوڑیسہ مین رہے بعدہٗ
بندرابن مین آب [illegible] مادہولی لوگ جگہہ جگہہ اگر ایکتارا لیکر بہجن گاتے ہوے
پہرا کرتے ہین پنجاب کے بہانڈے لوگ عقلاً معلوم ہوتا ہے کہ اسی مت کے
ہون گے کیونکہ وہ اپنے آپ کو مادہو کہتے ہین یہ لوگ جو مانگ کرلاتے ہین اوس
سے دہرم شالہ مین فقیرون کو کہلاتے ہین مگر یہ لوگ کچھ خراب حالت مین
ہین جو ویشنو دہرم کے خلاف ہین ان لوگون کی ایک بڑی دہرم شالہ بمقام
ڈسکہ ضلع سیالکوٹ مین ہے اور بہت سے چکرانتی ہین اور رامانوجے کے سمان ہین
اتنا بہید ہے رامانوجے ایکبار چکرانتی ہوتے ہین یہ ہر سال ہوتے ہین وسے
کپال مین پیلی ریکہا رکہتے ہین اور کہتے ہین کہ کالی ریکہا لگانے سے ہم بیکنٹہ مین
جاوین گے کیونکہ سری کرشن کا ہی کالا شریر تھا۔

ضمن بست و سویم دربیان فرقہ بیراگی و سنیاسی گوشائین و ناگے وغیرہ کے بیان مین

اول گوکلیئے گوشائین — گوشائین کا ایشورج گرہشتیون کا دیا ہوا ہے
اپے جہن پرپنچ سے ایسا ایشورج پراپت کرے بیٹہے ہین یہ ست تیلنگ دیس

سے چلا ہے ایک لکشمن بہٹ برہمن نے بواہ کر ماتا پتا اور استری کو چھوڑ
کاشی مین جا سنیاس لیا اور وہان جا کر جھوٹ بولا کہ میرا بواہ نہین ہوا
اوس کے ماتا پتا اور استری نے کاشی مین جا کر اوسکو جس نے سنیاس دیا تہا
کہ اسکو سنیاس کیون دیا اور اسکی استری نے کہا کہ اگر تم مجکو میرا پتی میرے
ساتھ نہین کروگے تو مجکو بہی سنیاس دیدو چنانچہ اوس نے اوسکا سنیاس
چھوڑا کر اوس کے ساتھ کر دیا جب وہ دیس مین چلا گیا اوسکو کسی نے جاتی مین
نہ لیا وہ گہومتے گہومتے چنارگڈہ کے چنپارنیہ جنگل مین چلے جاتے تھے کوئی ایک
لڑکے کو جنگل مین چھوڑ کر اور چارون طرف آگ لگا کر چلا گیا تہا۔
لکشمن بہٹ اور اوسکی استری نے لڑکے کو لیکر اپنا پتر بنا لیا اور پہر کاشی مین
جا رہے جب وہ لڑکا بڑا ہوا اوس کے ماباپ کا شریر چھوٹ گیا اور بال اوستہا
سے وہ لڑکا کچھ پڑہتا ہی رہا پہر کہین جا کے ایک بشنو سوامی کے مندر مین چیلا
ہوگیا وہان کچھ کہٹ پٹ ہونے سے کاشی مین چلا آیا اور سنیاس لے لیا وہان
ایک برہمن کی لڑکی سے بواہ کر کے جیسے اوس کے باپ نے کیا تہا سنیاس چھوڑ
بیٹہا اور اپنی استری کو لیکر اوسی بشنو سوامی کے مندر مین جہان چیلا بنا تہا
چلا گیا بواہ ہونے کے کارن انکو وہان سے نکال دیا پہر برج دیس مین جہان
اودیا نے گہر کر رکہا ہے اپنا پرپنچ انیک جگتون سے پہیلانے لگا اور کہنے لگا کہ
سری کرشن مجکو ملے اور کہا کہ جو گولوک سے دیوی جیو مرت لوک مین آئی ہین اونکو
برہم سمبندہ آدمی سے پوتر کر کے گولوک مین بہیجو ایسی لوبہ کی باتین بنا چوراسی
بشنو اپنی مت کے بنا لئے اور منتر بنا کر انکو شکشا دینے لگا منتر۔

श्री कृष्णः शरणममम ॥१॥ क्लीं कृष्णायगोपीजन वल्लभायस्वाहा ॥ २॥
श्री कृष्णः शरणम्मम सहस्त्र परि वत्सरमित कालजात कृष्ण वियोग-

ज्ञानिन तापक्लेशानन्त तिरोभावो ऽहंभगवते कृष्णाय देहे-

न्द्रिय प्राणान्त करणान्तद्धर्मांश्च दारागार पुत्राप्त वित्तेह पराण्यात्म

ना मह समर्पयामि दासो ऽहं कृष्ण तवास्मि ॥

یہ منتر پڑہ شیش ادرششون کو سمرپن کراتے ہین یہ کانکت تنتر گرنتہہ کا ہے
اس سے ودت ہوتا ہے کہ یہ بلبہہ ست بہی بام مارگیون کا بہید ہے اس لئے
استری سنگ گوشائین بہت کرتے ہین -
کیا کرشن گوپیون کو ہی پریہ تہے اور کو نہین تہے استریون کو وہ پریہ ہوتا ہے
جو استری بہوگ مین پہنسا ہو - کرشن جیو ایسے نہین تہے اور کیا کرشن جیو نے
بلبہہ ست کے سمے مین پہلے اپنی دیبی جیوون کے اودہار کا فکر نہین کیا تہا -
تاپ اور کلیش یہ دونون سرسا ماجی ہین ان مین سے ایک کا گرہن کرتا اوچت
تہا دو کا نہین اننت شبد کا پاٹہہ کرنا بیرتہہ ہے جو اننت شبد رکہو تو اننت
شبد کا پاٹہہ رکہنا بیرتہہ ہے اسمین اننت شبد اور سمہنسر شبد کے ہونیسے
پرسپر برودہ ہے جو اننت کال تک نروہت یعنی اچہادت ہے اوسکی مکتی
کے لئے بلبہہ کا ہونا بہی بیرتہہ ہے کیونکہ اننت کا انت نہین ہوتا بہلا دیہہ
اندریہ پران انتش کرن اور اوس کے دہرم استری استہان پتر پراپت
دہن کا ارپن کرشن کو کیون کرتا کیونکہ کرشن پورن کام ہونے سے کسیکے دیہہ آدی
کی اچہا نہین کر سکتے اور دیہہ آدی کا ارپن کرنا بہی نہین ہوسکتا کیونکہ دیہہ
کے ارپن سے نکہہ سکہا گر پرجنت دیہہ کہلاتا ہے اوس مین جو کچہ اچہی بری بستو
ہین مل متر ادی کا بہی ارپن کیسے کرسکیگا اور جو بات پن روپ کرم ہوتی ہین
اونکو کرشن ارپن کرنے سے اون کے پہل بہاگی بہی کرشن ہی ہووین نام تو کرشن
کا لیوین اور سرب ارپن اپنے لئے کراتے ہین جو کچہ دیہہ مین مل متر ادی ہین وہ بہی

گوشائین جیو کے ارپن کیون نہین ہوتا یہ بہی لکہا ہے کہ گوشائین جیو کے ارپن
کرنا اور کسی کے نہین یہ سب سوارتہہ سِدہ ہوہین اور پرائے دہن آدہی پدارتہہ
ہرنے اور وید وکت دہرم ناش کرنیکی لیلا رچی ہے اون کے چند اشلوک
صفحہ ۲۳۳ ستیارتہہ پرکاش مین لکہے ہین اونکا یہ ارتہہ ہے۔ پہلا اِن سے کوئی
پوچہے کہ سری کرشن کی دیہہ انت ہوئے کچہ کم پانچہزار برس بیتے ہین وہ بلبہ کو
شراون ماس کی آدہی رات کو کیسے مل سکے۔ دوسرے جو گوشائین جیو کا چیلہ
ہوتا ہے اوس کے سب شریر ادر جیو کے پاپ کی نورت ہو جاتی ہے یہ بلبہ کا
پرپنچ مورکہون کو بہکا کر اپنے مت مین لانے کا ہے جو گوشائین جیو کے چیلے
چیلیون کے دوکہہ نورت ہو جاوین تو روگ دردادر دکہہ آدمی سے پہرت کیون
ہوویں نہ ہوے دوش پانچ پرکار کے ہین اوّل سہجادک جو کام کرودہ آدمی
سے اوتپن ہوتے ہین۔ دوئم جو کسی دیش کال مین نانا پرکار کے پاپ کیئے جاوین
سوئم بہکش ابہکش مہتیا بہاشن آدمی۔ چہارم چوری جاری ماتا بہگنی کنیا پتر
بندہو آدمی سے سنجوگ کرنا۔ پنجم۔ سہرش اسپرش کو سہرش کرنا۔ ان پانچون
دوشون کو گوشائین مت والے کبہی نہ مانین ارتہات بیتشٹہا چار کرین سوائے
گوشائین جیو کے چرن سیوا مین استری سمرپت نہو تب تک اونکا سوامی اوس
استری کو سپرس نکرے اس سے گوشائیون کے چیلے اون کو سمرپن کر کے
پشچات اپنے اپنے پدارتہہ کا بہوگ کرین کیونکہ سوامی کے بہوگ کر سے پشچات
سمرپن نہین ہوسکتا اس سے پرتہم گوشائین جیو کی بہار جا آدمی سمرپن کر کے
پشچات گرہن کرین ششم گوشائین جیو کے مت سے مارگ کے بانک ماتر کو بہی
گوشائین جیو کے چیلے چیلی کبہو نہ سنین نہ گرہن کرین یہی اون کا بیوہار ہے ہفتم
ویسے ہی سب بستوؤن کا سمرپن کر کے سبکے بیچ مین برہم بدہ کہا کرنے اور اپنے

مت کا گن برنن کیا کرین اب دیکھو گوشائیو ن کا مت اورون سے ادہک
اپنے پریوجن کو سدہ کرنے ہارا ہے کیول بھوگ بیلاس کے لئے آپ برہم بن
بیٹھے ہین جیسے تم اورون کی کنیا اور بہو آدی کو سمرپن کرکے شدہ کرتے ہو تو تمہاری
بہو اور کنیا آدی کیسے شدہ ہوتی ہونگی جب وہ بنا سمرپن کے اشدہ ہین تو
ہم بہی اشدہ ہوئے تو اپنی بہو اور کنیا اون کو دوسرے مت والون سے سمرپت
کرایا کرو یا تم بہی یہ کوکرم چھوڑ دو اور سب ویدمارگ مین پرورت ہو۔ یہ گوشائین
لوگ بھوگ بلاس اور پدارتہہ کہانے پینے سے اپنے مت کو پشٹی مارگ کہتے ہین
انکا مت کشٹی مارگ ہے یہ لوگ متھیا جال رچکر بھولے بھالے منشون کو بہکا کر
اور اپنے آپ کو سری کرشن مان کر سبکے سوامی بنتے ہین اور یہ کہتے ہین کہ ہمارا
اودیش گولوک کے بہو نچانے والا ہے گولوک مین ایک سری کرشن پورش
اور سب استریان ہین کیا گوشائین کے سب چیلے گوپیان بن جاوین کے جس
پورش کی دو استریان ہوتی ہین اوسکی بڑی دردشا ہوتی ہے اور جہان ایک
پورش اور کروڑون استریان اوس کے دکہہ کا کیا پارا وار ہو سکے جو کرشن مین
سب استریون کے پرسن کرنیکی سامرتہہ ہے تو اونکی استری سوامنی کی بہی اوتنی
ہی سامرتہہ ہونی چاہئے کیونکہ وہ اونکی اردہنگی ہے جیسے یہان پورش سے
استری کی کامنا ادہک ہوئی ہے تو گولوک مین کیون نہین جو ایسا ہے تو
سوامنی کا اور استریون سے لڑائی بکہیڑا مچتا ہوگا کیونکہ سوکن بڑی ہوتی ہے
اور وہ گولوک۔ تو ایک چکلہ کے سمان ہوگیا جیسے یہان گوشائین جیو اپنے کو
کرشن مان کر استریون کے ساتہہ لیلا کرنے سے پیڑت ہو کر جہاد وکہہ بہوگتے
ہین ویسے ہی سری کرشن کا بہی حال ہوگا جو کہو کہ گولوک مین پیڑا نہین
ہے تو یہہ ابہان سے ہے

جہان بہوگ ہے وہان روگ بہی ضرور ہوتا ہے بہلا سری کرشن کی کرودان
کرمد استریون سے سنتان ہوتی ہین یا نہین جو ہوتی ہین تو لڑکے اور لڑکیان
اتہوا دونون جو کہو لڑکیان ہی لڑکیان ہوتی ہین تو اونکا بواہ کن کے ساتہ
ہوتا ہوگا کیونکہ تمہاری کہت انوسار سوائے سری کرشن کے دوسرا نہین
جو دوسرا ہے تو تمہاری پرتگیا ہانی ہوئی جو کہو لڑکے ہی لڑکے ہوتے ہین تو
اونکا بواہ کہان اور کن کے ساتہ ہوتا ہے اتہوا گہر کے گہر ہی مین گہٹ پٹ
کر لیتے ہین جو اور لڑکیون سے بواہ کرین گے تو سوائے سری کرشن کے گولوک
مین دوسرے پورش کا ہونا ثابت ہوا۔ اور جو لڑکا لڑکی نہین ہوتے ہین
تو کرشن نامرد اور استریان بانجہ ہوئین بہلا یہ گولوک کیا ہوا دہلی کے بادشاہ
کی بیبیون کی سینا ہوئی جو گوسائین لوگ اپنے چیلے اور چیلیون کا تن من دہن
ارپن کرا لیتے ہین یہ بہی ٹہیک نہین ہے کیونکہ تن بواہ سمے استری اور پتی کے
سمرپن ہو جاتا ہے پہر تن بہی تن کے ساتہ ہونیسے دوسرے سمرپن نہین ہو سکتا جو
کرین تو بہبہ چاری ہووین اب رہا دہن وہ بہی من کے بنا سمرپن نہین ہو سکتا
انکا مطلب یہ ہے کہ کماوین چیلے اور آنند کرین جو کوئی ان بلبہہ مت والون کو
لڑکی دیتا ہے ذات سے نکالا جاتا ہے کیونکہ یہ ذات پتت بدیا ہین راتدن
پرمادر ہتے ہین جو کوئی گوسائین جیو کو نیوتا دیتا ہے اوسکے گہر پر جا کاٹہہ کی
پتلی کی سمان بیٹہا رہتا ہے پرنتو استریون کو تاکتا رہتا ہے اور جسکی اور گوسائین
جیو دیکہین تو جانو بڑی بہاگوان ہے اوسکے۔ پتی۔ بہائی۔ بندہو۔ ماتا
پتا۔ بڑے آنند ہوتے ہین وہان سب استریان گوسائین جیو کے پگ چہوتی
ہین جسپر گوسائین جیو کا من لگے اوسکی اونگلی پیر سے دبا دیتے ہین وہ استری
اور اوسکا پتی اپنا دہن بہاگ سمجہتے ہین اور وے کہتے ہین کہ تو گوسائین جیو کی

چرن سیوا مین جا - اب اِنکی دکشنا کی لیلا سنو - لاڈو بہیٹ گوشائین جیو کی -
بہوجیو کی - لال جیو کی - بیٹی جیو جی - کنہیا جیو کی - باہریا جیو کی - گہٹویا
جیو کی - ٹہاکر جیو جی کی - ان ساتون دو کانون سے مال مارتے ہین جو گوشائین
جیو کا سیوگ مرنے لگتا ہے اوسکی چھاتی پر پیر رکہکر سب بستو چہین لیتے ہین
کوئی کوئی چیلہ بواہ مین گوشائین جیو کو بلاکر لڑکے لڑکی کا پانی گرہن کراتے ہین
اور استریان کیسر کا اوبٹنا لگاکر گوشائین جیو کو آشنان کراتی ہین اور پیتمبر
پہن کہڑاؤن پر چڑہ آپ باہر نکل آتے ہین اور دہولی وہین ٹیک دیتے ہین
سب استریان اور پُورش آچمن دہولی کے دہودن کا کرتے ہین اور اون کے
پان بیڑی کا پیک چاندی کے برتن مین لیکر اوسکی پرشادی بانٹتے ہین یہ
لوگ کہتے ہین کہ ہم ٹہاکر جیو کے رنگ راگ بہوگ مین سہیت سادہن اُنکا دیتے
ہین پرنتو یے رنگ راگ بہوگ آپ ہی کرتے ہین اور ہولی کے سمے پچکاریان
بھر بھر کر استریون کے گپت استہان پر مارتے ہین اور جو اونکو چڑہایا لڈو
روٹی دال ہتہری ادنی چڑہتا ہے بیچتے ہین پرنتو اماوات مین ناپ دبے
پہر اور نکو بھی سمیٹا ایسے ایسے لوگون نے اس آریاورت کی ادہوگتی کردی

ضمن بست و چہارم سوامی نارائن مت کہنڈن کے بیان مین

سوامی نارائن بہی گوشائین جیو کے بہائی ہین ایک سہجانند نامی اجودہیا
کے سمیپ ایک گانون کا جنما ہوا تہا وہ برہم چاری ہوکر گجرات - کاٹہیاواڑ
کچہ بہج - آدی دیشون مین پہرتا تہا اوس نے دیکہا کہ یہ دیش مورکہہ اور
بہولا ہے وہان اوس نے دو چار شِشّ بنائے اونہون نے مشہور کردیا
کہ سہجانند نارائن کا اوتار اور سِدّہ استہ دہ ہے اور بہگتون کو چترہبوج مورتی

دہار کر کے شاکشات درشن بہی دیتا ہے وہان ایک داداکہا چر زمیندار کو دہوکا
دینے کے لئے ایک اندہیری کوٹہری مین سہجانند کو زردوزی کپڑے چمکیلے
پہنا اور مکٹ دہارن کرا کے اور اوس کے پاس دوسرے پورش کو ایسا ہی بناکر
بیٹہا دیا اور چراغ کی روشنی سے یہ سوانگ دیکہلا کر اپنا مرید بنالیا پہر چراغ
گل کر کے سب نے شاشٹانگ ڈنڈوت کری اور وہ سہجانند اندہیری
کوٹہری سے اوٹہکر اپنے کپڑے بدل کر اپنی گدّی پر جا بیٹہا اور اوس بہولے
بہالے گنوار کو وہان بیٹہا ہوا دکہلایا اسیطرح دہوکا دیکر ہزارون آدمیون
کو اپنا چیلا بنالیا ان کی ساکہا مین ایک نارائن درشٹی مت ان کے چیلون نے
چلایا اوس کا مختصر برتانت یہ ہے کہ کسی چور کا چوری کی علت مین ناک کاٹا
گیا تہا وہ ناک کٹتے ہی ناچنے گانے لگا لوگون نے پوچہا کہ باوجود ناک کٹنے
کے مارے خوشی کے ناچنے گانے کا کیا سبب ہے اوس نے کہا کہ مجکو چتر
بہوج نارائن دکہلائی دیتے ہین اسیلئے مین آنندت ہوکر ناچتا ہون اس
بات کو سنکر اور کسی مورکہہ نے بہی ناک کٹوایا پہلے نکٹے نے اوس کے کان
مین کہدیا کہ تو بہی ایسا ہی کر ورنہ میری تیری ہنسی ہوگی اوس نے بہی
ایسا ہی کیا اسیطرح ایک ہزار آدمی ناک کٹواکر ان کے چیلے ہوے
اور ایک مورکہہ راجا بہی ناک کٹوانے پر راضی ہوا مگر اوس کا دیوان ۹۰ برس
کی عمر کا بڈہا وہان تہا اوس نے راجہ کو ناک کٹانے سے روک اپنا ناک کٹاکر
یہ سب دہورتا اون لوگون کی ظاہر کری اور اون سبکو پکڑوا کر جیلخانہ مین
بہجوا دیا اور اون کے مہنت کو بڑی دردشا سے کالا منہہ کر کے اور جوتیون کا
ہار گلے مین پہنا کر اور بُری دردشا کر کے مروا دیا جب ایسا ہوا تو ناک کٹون کا
سمپردائ بند ہوا۔ اسی پرکار سب ویدبرودہی دوسرونکا کہنڈن کرتے ہوے

پہرتے ہین یہ سوامی نراین مت والے مورکھون کے بہکانے جیتے مرتے ہے
کہتے ہین کہ سفید گھوڑے پر بیٹھہ سہجانند جیو مکتی کو لیجانے کے لئے آئے ہین اور
نت ایکبار اس مندر مین آیا کرتے ہین اور میلے کے دنون مین پوجاری لوگ
مندر کے ایک سوراخ سے اپنی دوکان مین جو ناریل چڑہتا ہے پہینکتے جاتے
ہین اسی پرکار ایک دن مین ناریل ہزار دفعہ بکتا ہے اور سب ذات کے ساتہ
کام کرنے کے لئے رکہتے ہین اور لاکہون روپیہ والے بنجاتے ہین بظاہر عورتون
سے نفرت رکہتے ہین مگر گپت بہن مہاپاپی اور دوراچاری کام کرتے ہین اور یہ
لوگ مورکہون کو کہدیتے ہین کہ ہمنے اپنی آنکہہ سے سہجانند جی کو بمان پر سوار ہوئے
اور مرے ہوے کو بیکنٹہہ مین لیجاتے ہوے دیکہا ہے یہ لوگ ایسا جہل کرتے ہین
کہ مُردے کو کنوئین مین پہینکدیتے ہین اور مشہور کردیتے ہین کہ سہجانند جیو
اوسکو بیکنٹہہ مین لیگئے ہین گوکلپوریہ گوسائین اور سوامی نراین مت والونکا
ایک ہی منتر ہے —

یہ سب بدیا ہین ایسے ایسے اولٹے منتر بناکر مورکہون کو لوٹتے ہین اور اس دیس کا
ستیاناش کرتے ہین بڑا افسوس ہے کہ ہمارے بہارت دیس کے ملاح لینے بڑے
صاحب بہی ان مورکہون کو ان باتون سے نہین روکتے وہ کیون روکین وہ آپ
ہی ایسے ایسے متون کو چلاکر دیس کو لوٹتے ہین اور سوارتہہ بس ہوکر اس دیس
پر دیا نہین کرتے —

ضمن بست و پنجم نانک پنتھی مت کے بیان مین

پنجاب دیس مین نانک جیو نے ایک مارگ چلایا ہے کیونکہ وسے بہی مورتی کا
کہنڈن کرتے تہے اونہون نے بہت منش مسلمان ہونے سے بچائے ہین اونہون نے

یہہ منتر اوپدیش کیا ہے اِس سے ودِت ہوتا ہے کہ اونکا آشا اچہا تھا منتر

ओंसत्यनाम कर्त्ता पुरुष निर्भौ निर्बैर अकाल - काल मूर्त्ति अजोनि

सभंगुरु प्रसाद जप आदि सच जुगादि सच है भी सच नानक होसी भी सच

ارتہات جسکا ست نام ہے وہ کرتا پورش اور بیر رہت اکال مورتی جو

کال مین اور جونی مین نہین آیا پرکاشمان ہے اوسی کا جپ گورو کی کرپا سے

کرو پرماتما آدمی مین سچ تھا جگون کے آدمی مین سچ پرماتما مین سچ اور ہوگا بہی

سچ گورو نانک صاحب کا اشبہہ بہت اچہا تہا پرنتو وہ زمانہ ایسا نازک

تھا کہ مسلمانون کی عملداری مین ہندوٗن کی بُری دردشا تہی انکا ہونا بہت

غنیمت ہے کہ انہون نے ہندوٗن کا ست بچایا پرنتو اِن کے چیلون نے

اون کے اصلی شبدون کو اولٹ پلٹ اِس متمین بہت کچہ بُرائیان پیدا

کردین نانک جیو نے ویدون کی پرسنشا کری مگر مختلف زمانہ اور راج سمجھکر

وید کی اوپاشنا رکہنے کو ہی پنجابی بہاشا مین ۔ دوہے ۔ چہند ۔ راگ ۔

راگنی ۔ مین گرنتہہ صاحب تصنیف کیا کیونکہ تبدیل مذہب تھا خالی ویدونکی

ہدایت ہوتی تہی پس انہون نے ایشور کی اوپاشنا ہی عام پر ظاہر کی اور

ویدون کی بزرگ ہدایتون کو جو اِس بارہ مین ہین بالمقابل دیگر مذاہب کو عمدہ

ثابت کر دکہلایا تاکہ بہاشا کی تعلیم سے ویدونکی بزرگی عام کے دلونپر ثابت

ہو اور ویدونکی تعلیم کیطرف رجوع ہو جاوین لیکن اون کے بعد شِشون نے

اون کے منشا کو روک دیا اور اوسی بہاشا گرنتہہ کو حد فضیلت تعلیم سمجھکر آیندہ

کیلئے ترقی تعلیم کو کہو بیٹھے ایسی ایسی واہیات پستکین رچدین جو اون کے

عقایدسے بالکل برخلاف ہین نانک صاحب نے اپنے آپ کو اوتار وغیرہ

کہیں نہین لکہا بلکہ اونکا یہ قول تہا + کہو نانک مین نیچے کرمان [illegible] گی

راکہو شرنا ین ... उन्के चेलोंकी ... ८ ॥ वेदपढ़त ब्रह्मा मरे चारों वेद कहानि
सन्त की महिमा वेद न जानी ब्रह्मा जानी आप परमेश्वर ॥

اِس مین ان کے چیلون دوش ہے نانک جیوٗ کا نہین اون کے پیچھے اون کی
نسل سے اوداسی اور رام داسی آدی سے نرملے اور کتنے ہی گدی والے
بن گئے اور گرنتھہ صاحب مین بہت سی اور باتین ملا دین پہر گوبند سنگہہ
دسوین بادشاہ کے بعد ان لوگون لے بہت سی جہتیا کتائین پورالون جیسی
بناکر جاری کرین اور بہت سے برہم گیانی آپ پرمیشور بنگئے ادسپر کرم اوپاشنا
چہوڑکر ان کے ششش جہکتے آئے اِس نے بہت بگاڑ کردیا جو نانک جیو نے
کچہہ بہگتی بشئے ایشور کے لکہے تھے او سے کرتے آتے تو اچہا تہا اب اوداسی
اور نرملے کہلاتے ہین ہم اکالیہ سوترہ شاہی کہاتے ہین ان مین گوبند سنگہہ
شوربیر ہوئے گوبند سنگہہ نے مسلمانون کے مقابلہ کیلئے ایک رستہ نکالکر بہت
سے لوگون کو اپنا ساتہی بنالیا جیسے چکرانیتون نے سچ سنکار چلائے تھے
انہون نے سچ کارک نکالے جو اون کے اوپ یوگی تہے ایک کیس جسکے رکہنے
سے لڑائی مین لکڑی اور تلوار سے کچہہ بچاؤ ہو کنگن جو پگڑی مین اکالی لوگ
رکہتے ہین یہہ بہی لڑائی مین بچاتا ہے کڑا جس سے ہاتہہ اور سر بچ سکے۔ کچہہ
جو دوڑنے اور کودنے مین سہائی کارک ہے۔ کنگہا جس سے کیس سودہرتے
ہین کاچو۔ جو بہیڑ بہڑکا مین کام آدے اسلیئے یہہ ریت گوبند سنگہہ نے اپنی
بڈہی مانی سمے اوس سمے کیلئے کی تہی اِس سمے مین اونکا رکہنا کچہہ اوپ یوگی
نہین ہے اگرچہ مورتی پوجا تو نہین کرتے پرنتو گرنتہہ پوجا کرتے ہین کسی
جڑ پدارتہہ کے سامنے سر جہکانا گورو نانک جیوٗ اور گورو گوبند سنگہہ کا آشئے
نہین تہا ... کے چیلے گرنتہہ پوجا کرکے بہیٹ آدی چڑہاتے ہین اور جتنا

ہان یہ لوگ گرنتھہ صاحب کا کرتے ہین او تنا وید کا نہین کرتے جیسا انہون نے سہو حن آدمی کے بکہیڑے کو ہٹایا ہے اگر بیٹے شکتی اور ایہمان کو ہٹاوین تو بہت اچھا ہووے —

ضمن بست ششم رام چرنی فرقہ کا بیان

ایک رام چرن سادہو ہوا ہے کہ جسکا استہان شاہ پورہ میواڑ سے چلا ہے رام رام کہنے کو ہی پرم منتر اور سکہ ہانت مانتے ہین اون کے ایک گرنتھہ مین جسمین سنت داس آدمی کی بانی ہے یہ لکھا ہے منتر

भरम रोग तब ही मिट्या रट्या निरंजन राइ। साखी ६
तब जम का कागज फट्या कट्या करम नबजाय

اب بچار کرنا چاہیے کہ رام رام کرنے سے بہرم اور کئے ہوئے پاپ چھوٹ سکتے ہین یہ کیول منشون کو پاپون مین پہنسانے اور منش جنم کو نشٹ کر دیتا ہے آگے گورو رام چرن کے بچن +

महमा नाम प्रताप की र णी सरवस [illegible]।
रामचरण रसना रटौ- क्रम सक न झड़ जाय॥१॥
जिन जिन सुमरया नावकू सो सब उतरया पार॥
रामचरण जो वी[illegible] - सो ही जम के द्वार॥२॥
राम बिना सब झूठ बनायो॥
राम भजन छुट्या सब क्रम्मा - चन्द अरु सूर देई परकम्म
राम कहे तिनकूं भै नाही - तीन लोक में कीरति गाही
राम रटल जम जोर न लागो॥
राम [illegible] पत्थर तराई - भगहेत औतार [illegible] धरही

उच नीच कुल मे दा - चारै- सोनोजनम आपणो हारै

संता के कुल दीसै नाही - राम राम कहसमस - . रा

ऐसो कुण जो कीरति गावै

हरि हरि जन की पारन पावै

राम संतां का अन्त न आवै

आप आप की बुद्धि सम गावै

ارتهہات اِن اشلوکون کے دیکہنے سے ودِت ہوتا ہے کہ یہ گرنتہہ کسی سید ہے سادہے گنوار کے بنائے ہوے ہین اُنکو یہ بہرم ہے کہ رام رام کہنے سے برُے کرم چہوٹ جائین گے جم کا ارتہہ بڑا بہاری ہے - راج سپاہی - چور - ڈاکو سنگہ - سرپ - بچہو - اور پہر آدمی بہی رام رام راتدن کہنے سے نہین چہوٹ سکتے - جب اوپر لکہے ہوے مین سے کوئی اُنکا رام رام کہنا سُنکر سہنا نیانہین کرتا تو جنم بہر مین کبہی نہین کر سکتا لوگون نے اپنا پیٹ بہرنے اور دوسرون کے جنمون کو نشٹ کرنے کے لئے ایک پاکہنڈ کہڑا کیا ہے نام تو دہرا رام سینہی اور کام کرتے ہین رانڈ سینہی کا جہان دیکہو رانڈ ہی رانڈ سنتونکو گہیر رہی ہین اگر ایسے ایسے پاکہنڈ نہ چلتے تو آریا ورت دیس کی دُردشا کیون ہوتی یہہ لوگ اپنے چیلے اور چیلیون کو جہوٹھا کہلاتے ہین اور اونکا دہرم نشٹ کرتے ہین استریان لمبی پڑکر ڈنڈوت پرنام کرتی ہین ایکانت مین استری اور سادہون کی ہوتی ہے استری کو پتی کی سیوا کرنے مین پاپ اور گورو سادہو کی سیوا کرنے مین دہرم ہے +

ضمن بست وہفتم رام دیو یا رام داس ست کا برنن

کہیڑا پاگرلی نو مارڑواڑ دیس مین اُنکی دوسری ساکہا رام داس نامی جاتی کے

دہیڑنے چلائی ہے جو بہت دنون تک اوگھڑ رہکر کتون کے ساتھہ کہاتا رہا اور یہی بامی کونڈ پنتھی رام دیوکا کامڑیا تھا جو اپنی دونون استریون کے ساتھ گاتا تہا اورستیل گانون مین اپنے گورو رام داس سے ملا اوس نے اوسکو رام دیوکا پنتھہ بتاکے اپنا چیلہ بنایا اور ادہر کہیڑا پا گانون مین انکا ست چلا اور شاہ پور مین رام چرن کا ست چلا اسکو جیپور کے بنیئے نے جس نے دانتڑا گانون مین ایک سادہو سے بہیس لیا تہا یہ ست چلایا اس ست مین سب پرکار کے اوتم نیچ چیلے بنتے ہین اور بسبب کونڈہ پنتھی ہونے کے مٹی کے کونڈون مین کہاتے ہین اور سادہوؤن کی جھونٹ بھی کہاتے ہین اور ویدک دہرم اور پتا ماتا سے لوگون کو چھوڑا کر چیلہ بنا لیتے ہین اور رام نام کے نام سے مُکتی مانتے ہین سادہوؤن کے چرن دہو کر پیتے ہین جب گورو سے چیلہ دور ہو جاوے توگورو کے ناخن اور ڈاڑہی کے بال اپنے پاس رکھہ لیتے ہین اور رام داس اور ہر رام داس کی بانی ادہک مانتے ہین اور اوس پُستک اور گورو کو ڈنڈوت کرتے ہین اور پڑہتے ہین پاپ سمجہتے ہین رام سُمرنے ہی سے کلیان مانتے ہین برن آشرم کو نہین مانتے جو برہمن راسنیہی نہین وہ نیچ ہے اور نیچ رام سنیہی ہو اوسکو اونچ بتلاتے ہین ان کے پاکہنڈ سے آریاورت کی بڑی ہانی ہوئی —

فصل سیوم مورتی پوجا کے بیان مین

ضمن اوّل

وید بروذہ ست متانتر کے حال سے جنون کو یہ وقت بھی [illegible] ہے

کہ اِن ست الپیشٹ لوگون مین کیسے کیسے ادہرم اور پاکہنڈ کی باتین ہین
ود کیسے اناچار وید برودہ اِن لوگون کے ہین جو ابدیا اندہکار سے نانا پکار
کے انیک ست متانتر آریاورت مین پرچلت نہوتے توکیون اِس دیس
کا ستیاناش ہوتا یہ حال اِن لوگون کا سنکشیپ سے ہمنے لکہا اب
اسمجھہ ہم مورتی پوجا کا برنن کرین گے جسکو پوراتنک بڑی نشچہ کے ساتھ
مان کر پرمیشور سمجھتے ہین اور جس کے کارن سارا آریاورت دیس سورکہتا کو
پراپت ہوکر نشٹ بہرشٹ ہوگیا ہے مورتی پوجا سے جو جو ہانی اِس دیس
کی ہوئی ہے وہ تو آپ سب سجن لوگون کو نیچے لکھی ہوئی لکہت سے
ودت بھی ہوجاوین پرنتو یہہ بھی بچارنا چاہیے کہ پوراتنک لوگ جو مورتی
پوجا وید کے انکول کہتے ہین تو پرمیشور کیا وید آدی سب شاستروں مین
ایسی اگیا دے سکتا ہے کہ اگنی مین جل اور جل مین اگنی پتہر مین ایشور اور
ایشور مین پتہر کی بہاؤنا کر لیا کرو۔ کداپی نہین۔ ایسا ہونے سے سرشٹی
کرم کے برودہ ایشور پر بہت بہاری دوش آجائے گا داسو مین جینیون نے
اپنی سورکہتا سے مورتی پوجا چلائی اور وہ یہ کہتے ہین کہ ہماری مورتیان
جو شانت دہیان اوراستہت بیٹھی ہوئی ہین اونکو دیکھکر جیو کا ہی ویسا ہی
شدہ پرنام ہوتا ہے سدہانتی۔ جیو چیتن اور مورتی جڑ کیا مورتی کے سمان
جیو بہی جڑ ہوجاویگا ساکتک آدمی نے جو اپنی مورتیان جینیون کی سدرش
نہین بنائین اوسکا یہ کارن ہے کہ دونون سمپردائی ایکدوسرے سے
برودہ رہین بیٹھی لوگ سنگھہ گہنٹا گہریال آدمی بہت باجہ نہین بجاتے
اور وشنو آدمی بہت کلاہل مچاتے ہین اسی کارن وشنو سمپردائی پوپون
کے بیچ جینیون کے جال سے بچکر اِن کی لیلا ہی مین آن پہنسے اور بہت

بیاس آدمی چہر شیون کے نام سے گرنتھہ بنا چلائے اور ایسا بھی فریب کیا کہ
کوئی مورتی کہین جنگل یا پہاڑ مین گاڑکر لوگون سے کہدیا کہ مجکو ہنومان
بھیرون - مہادیو - بشنو - بھگوتی - آدمی نے سپن مین یہ کہا ہے کہ
میری مورتی فلان جنگل مین پہاڑ کے اندر ہے جو تم نکالکر مندر مین استہا
پن کرو تو مین تمکو سن پانچہت پہل دونگا لوگ گانٹہہ کے پورے اور آنکہہ کے
اندھے لوگون نے ان پوپ جیو مہاراج کا کہنا ست سمجھکر اور اونکے ساتھ
جاکر مورتی لے آئے اور مندر بنوائے اور پوپ جیو کو اوس مندر مین پوجاری
بناکر اپنا دہن اور سن اون کے ارپن کر دیا - سوال - پرمیشور نراکار ہے وہ
دہیان مین نہین آسکتا اس لئے ضرور مورتی چاہئے بہلا جو کچھ بھی نکرین
تو مورتی کے سنمکھہ جا ہاتھہ جوڑ پرمیشور کا سمرن کرنا اچھا ہے اوسکا نام لینے
مین کیا ہانی ہے - جواب - جب پرمیشور نراکار سرب بیاپک ہے تب اوسکی
مورتی نہین بن سکتی اور جو مورتی کے درشن ماتر سے پرمیشور کا سمرن ہووے
تو پرمیشور کی بنائی پرتھوی جل اگنی وایو بنسپتی آدمی انیک پدارتھہ
جنمین پرمیشور نے آدبہت رچنا کی ہے کیا ایسی رچنا یوکت پرتھوی پہاڑ
آدی پرمیشور رچت مہا مورتیان کہ جن پہاڑ آدی سے منش کرت مورتیان
بنتی ہین اونکو دیکھکر پرمیشور کا سمرن نہین ہوسکتا اوسکی رچنا کا جو بودہ
کیا جاوے تو اوسکی کوشل ستہا اور بنیو بنتا سے ہی اوسکا پورا پورا دہیان
من مین استہر ہوسکتا ہے دوسرے مورتی پوجا مین یہ دوش ہے کہ جب
مورتی سامنے نہوگی تو منش چوری جاری آدمی کو کرم کرنے مین پرورت
ہوسکتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ مجھے اس سمے یہان کوئی نہین دیکھتا ہے
کیونکہ جن کا یہ بسواس ہے کہ پرمیشور سرب بیاپک ہے تو [illegible] مورتی

مین بندھا ہوا نہین مان سکتے اور جو پاکھنڈی آدمی مورتیون کو نہ مان کر بیاپک سرب انترجامی نیائےکاری پرماتما کو سروتر جانتا اور مانتا ہے وہ پرش سروتر اور سربدا پرمیشور کو سبکے برے بھلے کامون مین درشٹا جانکر ایک چھن ماتر بھی پرماتما سے اپنے کو پرتھک نہ جانکر کوکرم کرنا تو کہان رہا کنتو من مین کوچیشٹا بھی نہین کر سکتا کیونکہ وہ جانتا ہے جو مین من بچن کرم سے بھی کچھ برا کام کرون گا تو اس انترجامی کے نیائے سے بنا ڈنڈ پائے کداپی نہ بچون گا اور نام سمرن ماتر سے کچھ بھی پھل نہین ہوتا جیسا کہ مصری کہنے سے منہہ میٹھا نہین ہوتا اور نیم نیم کہنے سے کڑوا نہین ہوتا کنتو جیبھ سے چاکھنے ہی سے میٹھا کڑوا پن جانا جاتا ہے ۔ سوال ۔ کیا نام لینا سربتا متھیا ہے جو سروتر پورانون مین نام سمرن کا بڑا مہاتم لکھا ہے ۔ جواب ۔ نام لینے کی تمہاری ریت اوتم نہین جس پرکار تم نام سمرن کرتے ہو وہ ریت جھوٹی ہے ۔ سوال ۔ ہماری کیسی ریت ہے ۔ جواب ۔ وید برودھ ہے سوال ۔ بھلا آپ ہمکو ویدکت نام سمرن کی ریت بتلاؤ ۔ جواب نام سمرن اس پرکار کرنا چاہئے جیسے نیائےکاری ایشور کا ایک نام ہے اس نام سے جو اسکا ارتھ ہے کہ جیسے پکشپات سے رہت ہوکر پرماتما سب کا نیائے کرتا ہی ویسے ہی اوسکو گرہن کر نیائے یوکت بیوہار سربدا کرنا انیائے کبھی نہ کرنا اسی پرکار ایک نام سے بھی منش کا کلیان ہو سکتا ہے +

اوتار کا بیان

سوال ۔ ہم بھی جانتے ہین کہ پرمیشور نراکار ہے پرنتو اوس نے شب بشنو گنیش سورج اور دیوی آدی کا شریر دھارن کر رام اور کرشن آدی اوتار لئے اس سے اونکی مورتی بنتی ہے کیا یہ بھی بات جھوٹی ہے جواب ہان جھوٹی ہے

اتیادی سُشوں سے پرمیشور کو جنم مرن اور شریر دھارن رہت ویدون
مین لکہا ہے نتہا اجگتی سے بہی پرمیشور کا اوتار کبہی نہین ہو سکتا جو آکاش
وت سروتر بیاپت اننت اور سکہہ دکہہ درشیہ آدی گن رہت ہے وہ
ایک چہوٹے سے بیرج گربہہ اشتہہ اور شریر مین کیونکر آ سکتا ہے آتا جاتا
وہ ہے جو ایک دیشی ہوا اور جو اچل اور شبہہ جس کے بنا ایک پرمانو بہی
خالی نہین ہے اوسکا اوتار کہنا جہانیائے ہے ۔ سوال ۔ جب پرمیشور
سرب بیاپک ہے تو مورتی بہی بیاپک ہے تو سورتی مین بہی ہے تو پہر چاہے
کسی پدارتہہ مین بہاؤنا کرکے پوجا کرین یہ اچہا کیون نہین ہے ۔ منتر

नकोष्ट विघते देवो न षाषाणे न मृन्मये
भावेहि विघते देवस्तस्माद्भवोहिका ॥५६॥

پرمیشور دیوتا کاٹہہ نہ پاکہان نہ مرتکا سے بنائے پدارتہون مین ہے کنتو پرمیشور
بہاؤ مین بدہ مان ہے جہان بہاؤ کرین وہان ہی پرمیشور سدہ ہوتا ہے ۔
جواب جب پرمیشور سرب بیاپک ہے تو کسی ایک بستو مین پرمیشور کی بہاؤنا
کرنا اور جگہہ نکرنا یہہ ایسی بات ہے کہ جیسے چکروتی راجا کو سب راج کی سنیا
سے چہوڑا کے ایک چہوٹی سی جہونپڑی کا سوامی ماننا دیکہو یہہ کتنا بڑا اپ
مان ہے جب بیاپک مانتے ہو تو باٹکا مین سے پُشپ وپتر توڑ کے کیون چڑہاتے
چندن گہسکر کیون لگاتے دہوپ کو جلا کر کیون دیتے گہنٹا گہڑیال جہانجہہ
پکہاؤجون کو لکڑی سے کوٹنا پیٹنا کیون کرتے ہو تمہارے ہاتہون مین ہے
ہاتہہ کیون جوڑتے ہو سر مین ہے سر کیون ناتے ہو ان جل آدی مین ہے
کیون نئی وید دہرتے ہو جل مین بہی اشنان کیون کراتے ہو کیونکہ ان سب
پدارتہون مین پرماتما بیاپک ہے اور تم بیاپک کی کرتے ہو یا [illegible] کی

بیا پک کرتے ہو تو پاکہان لکڑی آدمی پر چندن لیشپ آدمی کیون چڑہاتے ہو اور جو بیا ئپ کی پوجا کرتے ہو۔ ہم پرمیشور کی پوجا کرتے ہین ایسا جہوٹ کیون بولتے ہو پہر کہو کہ ہم پاکہان آدمی کی پوجا کرتے ہین اب کہئے بہاؤ سچا ہے یا جہوٹا اجو کہو سچا تو تمہارے بہاؤ کے آدہین ہوکر پرمیشور بدہ ہو جاویگا اور تم مرتکا مین سورن اور پاکہان آدمی مین ہیرا پنا آدمی سمندر سپ مین موتی جل مین کہرت دودہ دہی آدمی اور دہول مین میدا شکر آدمی کی بہاؤنا کرکے انکو ویسے کیون نہین بناتے ہو تم لوگ دوکہہ کی بہاؤنا کبہی نہین کرتے وہ کیون ہوتا ہے اور سکہہ کی بہاؤنا سدیو کرتے ہو وہ کیون نہین پراپت ہوتا اندہا پورش نیتر کی بہاؤنا کرکے کیون نہین دیکہتا مرنے کی بہاؤنا نہین کرتے کیون مرجاتے ہو اس لئے تمہاری بہاؤنا سچی نہین کیونکہ جیسے مین ویسی کا نام بہاؤنا کہتے ہین جل اگنی مین اگنی بہاؤنا اور جل مین اگنی اور اگنی مین جل بہاؤنا جیسے کو تہیا جاننا گیان اور اتہتا جاننا اگیان ہے۔ سوال۔ اجی جبتک وید منترون سے آواہن نہین کرتے تب تک دیو نہین آتا آواہن سے آتا ہی اور بسرجن سے چلا جاتا ہے۔ جواب۔ جو منتر کو پڑہکر آواہن کرنے سے دیوتا آجاتا ہے تو مورتی چیتن کیون نہین ہو جاتی اور بسرجن کرنے سے کیون نہین چلی جاتی اور وہ کہان سے آتا ہے اور کہان چلا جاتا ہے پورن پرماتما نہ آتا ہے اور نہ جاتا ہے جو تم منترون سے اپنے مرے ہوئے پتر کے شریر کو کیون نہین جلا لیتے اور شترو کے شریر مین جیو آتما کا بسرجن کرکے کیون نہین مار ڈالتے اے بہولے بہائیو یہ پوپ جیو تمکو ٹہگ کر اپنا پریوجن سدہ کر لیتے ہین ویدون مین مورتی پوجا اور آواہن اور بسرجن کرنے کا ایک اکشر بہی نہین ہے۔ سوال۔ ان مین اواہن بسرجن ہے یہ وید منتر ہین پہر تم

کیون نہین مانتے - جواب - یہ بام مارگیون کے کپول کلپت، وید برودہ منتر گرنتہون کی پوپ رچیت پنکہال مین وید بچن نہین ہین - سوال - کیا منتر جھوٹا ہے - جواب - سرہتا جھوٹا ہے - سوال - جو وید مین مورتی پوجا یدی نہین تو کہنڈن بھی نہین ہے - جواب - ان منترون سے سرید انکہید ہے پرمیشور کی مورتی بناکے پوجنے کے نکہید مین یہ منتر دیکہاو -

अनधन्तमः प्रविशन्ति येऽसंभूतिमुपासते ततोभूयइवते नमोय उस-भूत्या ७रताः ॥ यजु० ॥ अ० ॥ ४० ॥ मं० ॥ ९ ॥

नतस्य प्रतिमा अस्ति ॥ यजु० ॥ अ० ॥ ३४ ॥ मं० ॥ ४३ ॥

यद्वाचानभ्युदितं येनवागभ्युद्यते ।

तदेव ब्रह्मत्वं विद्धिनेदं यदिदमुपासते १

جو اسمبہوتی ارتہات اوتپن آدی پرکیرتی کارن کی برہم کے استہان مین اوپاشنا کرتے ہین وہ اندہکار اور اگیان دوکہہ ساگر مین ڈوبتے ہین اور سمبہوتی جو کارن سے اوتپن ہوے کارج روپ پرتہوی آدی بہوت پاشان اور برکش آدی اودیب اور منش آدی کے شریر کی اوپاشنا برہم کے استہان مین کرتے ہین وہ اوس اندہکار سے بہی ادہک اندہکار ارتہات مہا مورکہ چرکال گہور دوکہہ روپ نرک مین گرکے مہا کلیش بہوگتے ہین اور جو سب جگت مین بیاپک ہے اوس نراکار پرماتما کی سادرشیہ یا موتی نہین ہے

यन्मनसा न मनुते येनाहुर्मनो मतं

तदेव ब्रह्मत्वं विद्धिनेदं यादिदमुपासते ॥२॥

यच्चक्षुषा न पश्यति येन चक्षूंषि पश्यति ।

तदेव ब्रह्मत्वं विद्धिनेदं यदिदमुपासते ॥३॥

यच्छ्रोत्रेण न शृणोति येन श्रोत्रमिदं श्रुतम।
तदेव ब्रह्मत्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते॥४॥
यत्प्राणेन न प्राणिति येन प्राणः प्रणीयते।
तदेव ब्रह्मत्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते॥५॥ केनोपनि॰

